مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام

4

سکُول سے گھر تک

السلام علیکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

DARUSSALAM
دار السلام

راشد بھائی

اپنا اور میرا بیگ' وین کی چھت پر باندھ کر رکھو' تا کہ گر نہ جائیں۔

آمنہ نے وین میں سوار ہوتے ہوئے کہا۔

آمنہ، کل میرا ٹیسٹ ہے۔ آج شام پارک میں کھیلنے نہیں جاؤں گا۔
راشد نے کہا۔

کل ہماری کلاس میں سیرت النبی ﷺ پر کوئز پروگرام ہے میں بھی
آج کھیل کود کی بجائے خوب تیاری کروں گی۔
آمنہ نے جواب دیا۔



آمنہ، کل میرا ٹیسٹ ہے۔ آج شام پارک میں کھیلنے نہیں جاؤں گا۔

راشد نے کہا۔

کل ہماری کلاس میں سیرت النبی ﷺ پر کوئز پروگرام ہے میں بھی آج کھیل کود کی بجائے خوب تیاری کروں گی۔

آمنہ نے جواب دیا۔



آج تو باتوں ہی باتوں میں پتا ہی نہیں چلا کہ اتنی جلدی گھر آ گیا ہے۔
راشد نے سکول وین سے اُترتے ہوئے کہا۔

السلام علیکم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

السلام علیکم! امّی جان

راشد اور آمنہ نے ایک ساتھ کہا۔

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

امّی جان نے جواب دیا۔

مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام

بچو!

جلدی سے منہ ہاتھ دھو کر کھانے کی میز پر آ جاؤ!

امّی جان نے کہا۔

كُلُوا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا

آہا! آج تو میری پسند کا کھانا پکا ہے۔

راشد نے کھانا شروع کرتے ہوئے کہا۔

کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا بھول گئے نا!

آمنہ نے راشد کو یاد دلایا۔

رَزَقْنٰکُمْ وَاشْکُرُوْا لِلّٰہِ



امّی جان، سیب تو بہت مزے کے ہیں۔

آمنہ نے سیب کھاتے ہوئے کہا۔

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والوں کو ہر چیز مزے کی لگتی ہے۔

امّی جان نے جواب دیا۔



بچو!

ظہر کی نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

نماز ادا کرنے کے بعد کچھ دیر آرام کر لینا۔

امّی جان نے کہا۔

امّی جان، کل میرا ٹیسٹ ہے۔ مجھے تیاری کرنا ہے۔ اس لیے آرام نہیں کرنا چاہتا۔ راشد نے کہا۔

میرا کل سیرت النبی ﷺ پر کوئز پروگرام ہے۔ اس کی تیاری کرنا چاہتی ہوں، امّی جان۔ آمنہ نے بتایا۔

ہمارے پیارے نبی ﷺ کا معمول تھا کہ نماز ظہر کے بعد کچھ دیر آرام کرتے تھے۔ اس لیے تم بھی اس سنت پر عمل کرتے ہوئے آرام کرو۔ امّی جان نے پیار سے سمجھایا۔

وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

پیارے نبی ﷺ کی پیاری بات تو ہم ضرور مانیں گے۔

آمنہ اور راشد نے ایک ساتھ کہا۔

مُسلمان بچّوں کے صُبح و شام





شاباش!

آپ بہت اچھے بچے ہیں۔

ہر کام اپنے وقت پر کرنا چاہیے۔ آرام کے وقت آرام، کھیل کے وقت کھیل اور کام کے وقت کام کرنا چاہیے۔ امّی جان نے پیار سے کہا۔

آپ کے ابّا جان دفتر سے آئیں گے تو میں آپ دونوں کو جگا دوں گی۔
اس لیے آرام سے سو جائیں۔
امّی جان نے کہا۔

مُسلمان بچّوں کے صُبح وشام کیسے ہونے چاہئیں.....

چھ حصّوں پر مشتمل خوبصورت سلسلہ

دارُالسّلام

کتاب وسُنّت کی اشاعت کا عالمی اِدارہ

ریاض • جدہ • شارجہ • لاہور

لندن • ہیوسٹن • نیویارک

DARUSSALAM